حضرت حاطب بن حارث رضی اللہ عنہ

حضرت حاطب بن حارث بنوجمح سے تعلق رکھتے تھے۔ان کے دادا کا نام معمر بن حبیب تھا۔مشہور صحابی حضرت عثمان بن مظعون ان کی والدہ حضرت قتیلہ بنت مظعون کے بھائی تھے۔حضرت قتیلہ کے دادا حبیب بن وہب حاطب کے پڑدادا تھے۔حضرت حاطب نے اپنی اہلیہ حضرت فاطمہ بنت مجلل اور حضرت فکیہہ بنت یسار کے ہمراہ حبشہ کو ہجرت کی۔وہ حضرت جعفر بن ابوطالب کی قیادت میں جانے والے قافلے میں شامل تھے۔حضرت حاطب نے سرزمین حبشہ میں وفات پائی۔ان کی بیوہ حضرت فاطمہ اور بیٹے حضرت محمد اور حضرت حارث ۷ھ میں حضرت عمرو بن امیہ ضمری کے ساتھ سمندری راستے سے مدینہ لوٹے۔حضرت فکیہہ بنت یسار بھی اسی کشتی میں سوار تھیں۔ام ولد جہیرہ سے ان کے بیٹے عبداللہ نے جنم لیا۔

---

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

حضرت معمر بن حارث رضی اللہ عنہ

حضرت معمر بن حارث حضرت فکیہہ بنت یسار کے شوہر حضرت حطاب کے سگے بھائی تھے،حضرت قتیلہ بنت مظعون دونوں کی والدہ تھیں۔

بطحاے مکہ میں آفتاب اسلام طلوع ہوا تو حضرت معمر بن حارث دین حق کی طرف پہلے پہل لپکنے والے 'السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ' میں شامل ہوئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دارارقم میں تشریف لے جانے سے پہلے ایمان کی سعادت حاصل کی۔حبشہ اور مدینہ، دونوں شہروں کی طرف ہجرت کا شرف حاصل کیا۔ہجرت ثانیہ کے بعد مواخات کا موقع آیا تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن عفرا کو ان کا انصاری بھائی قرار دیا۔حضرت معمر نے لمبی عمر پائی، اس لیے بدر واحد اور تمام غزوات میں شرکت سے سرفراز ہوئے۔ان کے باقی زندگی کے واقعات کے بارے میں معلومات نہیں ملتیں۔

حضرت معمر کا انتقال عہد فاروقی میں ہوا۔ان کے پسر حضرت جمیل بن معمر نے شہرت پائی۔

مطالعۂ مزید: السیرۃ النبویۃ (ابن ہشام)، الطبقات الکبریٰ (ابن سعد)، تاریخ الامم والملوک (طبری)، المنتظم فی تواریخ الملوک والامم (ابن جوزی)، تہذیب الکمال فی اسماء الرجال (مزی)، البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر)، الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ (ابن حجر)۔